AHMADIYYA
MUSLIM JAMA'AT
Belgium

www.islamahmadiyya.be
info@islamahmadiyya.be
@AhmadiyyaBE

خلاصہ خطبہ جمعہ 26 مئی 2023ء بیان فرمودہ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

تشہد، تعوذ، تسمیہ اور سورۃ فاتحہ کی تلاوت کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا:

اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح موعود کو جب یہ خبر دی کہ ان کا اس دنیا سے جانا قریب ہے تو آپ نے لوگوں سے مخاطب ہو کر کہا:

اللہ تعالیٰ دو قسم کی قدرت ظاہر کرتا ہے۔ اول خود نبیوں کے ہاتھ سے اپنی قدرت کا ہاتھ دکھاتا ہے، دوسرے ایسے وقت جب نبی کی وفات کے بعد مشکلات کا سامنا پیدا ہو جاتا ہے اور دشمن زور میں آجاتے ہیں اور خیال کرتے ہیں کہ اب کام بگڑ گیا اور یقین کر لیتے ہیں کہ اب یہ جماعت نابود ہو جائے گی اور خود جماعت کے لوگ بھی تردد میں پڑ جاتے ہیں اور ان کی کمریں ٹوٹ جاتی ہیں اور کئی بدقسمت مرتد ہونے کی راہیں اختیار کر لیتے ہیں تب خدا تعالیٰ دوسری مرتبہ اپنی زبردست قدرت ظاہر کرتا ہے اور گرتی ہوئی جماعت کو سنبھال لیتا ہے۔ پس وہ جو اخیر تک صبر کرتے ہیں خدا تعالیٰ کے اس معجزہ کو دیکھتا ہے۔ جیسا کہ حضرت ابو بکر صدیق کے وقت میں ہوا جبکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی موت ایک بے وقت موت سمجھی گئی اور بہت سے بادیہ نشیں نادان مرتد ہو گئے اور صحابہ بھی مارے غم کے دیوانہ کی طرح ہو گئے تب خدا تعالیٰ نے حضرت ابو بکر صدیق کو کھڑا کر کے دوبارہ اپنی قدرت کا نمونہ دکھایا اور اسلام کو نابود ہوتے ہوتے تھام لیا اور اس وعدہ کو پورا کیا جو فرمایا تھا۔ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِيْنَهُمُ الَّذِي ارْتَضٰى لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ خَوْفِهِمْ اَمْنًا ؕ (النور:56)۔ یعنی خوف کے بعد پھر ہم ان کے پیر جما دیں گے۔ ایسا ہی حضرت موسیٰ علیہ السلام کے وقت میں ہوا جبکہ حضرت موسیٰ علیہ السلام مصر اور کنعان کی راہ میں پہلے اس سے جو بنی اسرائیل کو وعدہ کے موافق منزل مقصود تک پہنچا دیں فوت ہو گئے اور بنی اسرائیل میں ان کے مرنے سے ایک بڑا ماتم برپا ہوا۔ جیسا کہ توریت میں لکھا ہے کہ بنی اسرائیل اس بے وقت موت کے صدمہ سے اور حضرت موسیٰ کی ناگہانی جدائی سے چالیس دن تک روتے رہے۔ آپؑ نے فرمایا: اور وہ وعدہ میری ذات کی نسبت نہیں ہے بلکہ تمہاری نسبت وعدہ ہے جیسا کہ خدا فرماتا ہے کہ میں اس جماعت کو جو تیرے پیرو ہیں قیامت تک دوسروں پر غلبہ دوں گا۔ سو ضرور ہے کہ تم پر میری جدائی کا دن آوے تا بعد اس کے وہ دن آوے جو دائمی وعدہ کا دن ہے۔ وہ ہمارا خدا وعدوں کا سچا اور وفادار اور صادق خدا ہے وہ سب کچھ تمہیں دکھلائے گا جس کا اس نے وعدہ فرمایا ہے۔ اگرچہ یہ دن دنیا کے آخری دن ہیں اور بہت بلائیں ہیں جن کے نزول کا وقت ہے پر ضرور ہے کہ یہ دنیا قائم رہے جب تک وہ تمام باتیں پوری نہ ہو جائیں جن کی خدا نے خبر دی۔ میں خدا کی طرف سے ایک قدرت کے رنگ میں ظاہر ہوا اور میں خدا کی ایک مجسم قدرت ہوں۔ اور میرے بعد بعض اور وجود ہوں گے جو دوسری قدرت کا مظہر ہوں گے۔

حضور انور نے فرمایا کہ آپؑ کی وفات کے بعد بعض لوگ چاہتے تھے کہ انجمن نظام چلائے لیکن اللہ تعالیٰ نے اپنے وعدہ کے موافق خلافت سے نوازا، پھر خلیفہ اول کے وصال کے بعد خلافت ثانیہ کے وقت بھی بعض لوگوں نے اختلاف کیا اور خلافت کے نظام کو مستقل نہیں بھی تو کچھ عرصہ تک روکنے کی کوشش کی، لیکن ناکام رہے اور آپؓ وفات تک ایک لمبا عرصہ خلافت پر متمکن رہے، پھر آپؓ کی وفات کے بعد خلافت ثالثہ اور پھر اسکے

بعد خلافت رابعہ پھر خلیفہ رابعہ کی وفات کے بعد خدا تعالیٰ نے مجھے خلافت کے منصب پر فائز کیا۔ مخالفین اب بھی اس نظام کو ختم کرنے کی کوشش کر رہے ہیں، لیکن خدا تعالیٰ احمدیوں کو خلافت سے ایمان، محبت اور اخلاص میں بڑھاتا چلا جا رہا ہے، اور یہ محبت خدا تعالیٰ کے سوا کوئی نہیں جو لوگوں کے دلوں میں ڈال دے، اور لوگوں کے لئے خلیفہ کے دل میں ڈال دے۔

بعد حضور انور نے بعض لوگوں کے خطوط کے نمونے پیش کئے کہ کس طرح لوگ خلافت سے جڑے ہوئے ہیں۔ اور لوگوں نے اس دور میں بھی خواب میں حضرت مسیح موعود اور خلفاء کرام کو دیکھا اور پھر ان خوابوں کے ذریعہ بیعت بھی کر لی۔ اگر سچی تڑپ ہو تو خدا تعالیٰ راہنمائی بھی فرماتا ہے۔

کیمرون کے ایک نوجوان عبد الرحمن بلہ نے خواب میں مجھے دیکھا اور بعد میں جماعتی پمفلٹ دیکھ کر پہچان لیا اور پھر بیعت بھی کر لی، بعد میں لکھتے ہیں کہ ان کے گاؤں کا چیف فوت ہو گیا تھا اور گاؤں والوں نے اب انہیں چیف چن لیا ہے اور وہ لکھتے ہیں کہ مجھے لگتا ہے کہ یہ بیعت ہی کی برکت سے خدا تعالیٰ نے مجھے نوازا ہے۔

سیرالیون سے ایک مبلغ لکھتے ہیں کہ ایک صاحب نے ایم ٹی اے پر میرے خطبات سنے اور غیر احمدی ہونے کے باوجود جماعت کی سچائی کا کھلم کھلا اعلان کرنے لگے کہ یہ مولوی احمدیت پر جھوٹے الزام لگاتے ہیں، کہتے تھے کہ میں نے خود امام جماعتِ احمدیہ کے خطبات سنے ہیں وہ کسی غیر مسلم کے الفاظ نہیں ہو سکتے۔ بعد میں انہوں نے بیعت بھی کر لی اور اب وہاں کی فعال رکن ہیں۔

مراکش کے ایک احمدی نے ایک لمبا عرصہ تحقیق کے بعد بیعت کی ہے اور وہ لکھتے ہیں کہ میں بچپن سے علماء کو سنتا آیا ہوں لیکن امام جماعت احمدیہ کے خطبے صرف قرآن کی تفسیر ہی نہیں بلکہ انسان کو خدا سے ملانے والے ہیں۔

حضور انور نے فرمایا پس یہ صرف جماعت احمدیہ ہے جو خلافت کے سایہ میں آج پوری دنیا میں اسلام کی اشاعت اور ترقی کا کام کر رہی ہے۔ انشاء اللہ جماعت احمدیہ خدا کے وعدہ خلافت علی منہاج النبوۃ پر قیامت تک قائم رہے گی۔ کوئی دشمن اس کا بال بھی بیکا نہیں کر سکتا۔ پس ہمیں یہ کوشش کرنی چاہیے کہ اپنے ایمانوں میں مزید جلا پیدا کریں اور اپنے آپ کو خلافت سے جوڑے رکھیں، اور اس کو قائم رکھنے کے لئے کسی قربانی سے بھی دریغ نہ کریں اللہ تعالیٰ ہمیں اس کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)

خطبہ ثانیہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ نَحْمَدُهٗ وَنَسْتَعِيْنُهٗ وَنَسْتَغْفِرُهٗ وَنُؤْمِنُ بِهٖ وَنَتَوَكَّلُ عَلَيْهِ وَنَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ شُرُوْرِ اَنْفُسِنَا وَمِنْ سَيِّئَاتِ اَعْمَالِنَا مَن يَّهْدِهِ اللهُ فَلاَ مُضِلَّ لَهُ وَمَنْ يُّضْلِلْهُ فَلاَ هَادِىَ لَهُ ۞وَاَشْهَدُ أَنْ لَآ اِلٰهَ اِلاَّ اللهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ ۞ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُه ۞عِبَادَاللهِ رَحِمَكُمُ اللهُ۞اِنَّ اللهَ يَأْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ وَاِيْتَآءِ ذِى الْقُرْبٰى وَيَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ وَالْبَغْيِ يَعِظُكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ۞ اذْكُرُوا اللهَ يَذْكُرْ كُمْ وَادْعُوْهُ يَسْتَجِبْ لَكُمْ وَلَذِكْرُ اللهِ اَكْبَرُ ۞